جناب بخت بیدار: زه جی د شهرام صاحب په زړه کښې ناست یم او د هغي نه علاوه زه د حکومتی ممبرانو په زړه کښې هم زه ناست یم، هغوی ټول دا وائی چې په دې سوال باندې د خا مخا کمیټئ ته لاړ شی چې د دې پته اولګی۔ ما ته پته ده شهرام خان خو اوس راغلے دے، د دې نه مخکښې اووه سیکرټریان بدل شوی دی، پته به اولګی، 'دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی' او ټول ممبران او ټول ایوان به مطمئن شی۔ دا پیسې لږې پیسې نه دی، دا اربونه روپئ دی، باقی جوړ ستاسو خپل دے، زه خو شهرام خان ته ریکویسټ کوم چې دا اولیږه، دیکښې ستاد عزت سوال دے۔

جناب سپیکر: جی شہرام خان۔

سینئیر وزیر (صحت): ما ته هیڅ څه اعتراض نشته، بخت بیدار خان چې څنګه مطمئن کیدے شی، ما خو ورته یو دغه اوکړو خو بهرحال دوئ وائی چې کمیټئ ته ځی نو د دوئ دغه دے جی، زما څه اعتراض نشته۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the Question, asked by the honourable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Question No. 2165, Romana Jalil

* 2165 _ محترمہ رومانہ جلیل: کیاوزیر داخلہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ کی زیر نگرانی جیلخانہ جات میں بھرتیاں ہوئی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2013 سے تاحال جن جن اضلاع میں بھرتیاں کی گئیں، ان کی تفصیل ضلع وائز الگ الگ فراہم کی جائے؟

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت)}: (الف) جی ہاں، بھرتیاں ہوئی ہیں۔

(ب) سال 2013 سے تاحال تک مختلف خالی آسامیوں پر موزوں امیدواران کی مختلف اضلاع سے بھرتیاں کی گئی ہیں۔ (تفصیل ایوان میں فراہم کی گئی ہیں)۔

محترمہ رومانہ جلیل: مطمئن ہوں۔

غیر نشاندار سوالات اور انکے جوابات

2138 _ جناب یاسین خان خلیل: کیاوزیر منصوبہ بندی و ترقیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ ہذا میں مئی 2013 تاحال مختلف آسامیوں پر کتنی ریگولر کنٹریکٹ، ایڈہاک اور پراجیکٹ پوسٹوں پر تعیناتیاں کی گئی ہیں، تعداد بتائی جائے، نیز بھرتی شدہ افراد کے نام بمعہ ڈومیسائل و شناختی کارڈ کی نقول فراہم کی جائیں؟

جناب خلیق الرحمان (پارلیمانی سیکرٹری برائے منصوبہ بندی و ترقی): (الف) مئی 2013 تاحال محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات اور اس کے ذیلی محکمہ جات / پراجیکٹس میں کنٹریکٹ، ایڈہاک اور پراجیکٹ آسامیوں پر بھرتی شدہ افراد کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

I۔ ریگولر

بیورو آف سٹیٹسٹکس	=	04

II۔ پراجیکٹس

1۔ ریجنل جی ڈی پی بیورو آف سٹیٹسٹکس	=	28
2۔ ایم آئی ایس بیورو آف سٹیٹسٹکس	=	03
3۔ اربن پالیسی یونٹ	=	55
4۔ ایم اینڈ ای	=	17

5۔پی سی این اے = 04

6۔ سی بی پی = 02

کل تعداد = 113

نیز بھرتی شدہ افراد کے نام وولدیت اور ڈومیسائل کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

2137 ۔ جناب جاوید نسیم: کیا وزیر داخلہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے موجودہ آئی جی پی خیبر پختونخوا کو صوبے میں امن وامان کے لئے با اختیار تعینات کیا ہے;

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(I) موجودہ آئی جی پی کی تعیناتی کے بعد ڈکیتی اغواء برائے تاوان، ٹارگٹ کلنگ کے کتنے کیسز رجسٹرڈ ہو چکے ہیں;

(II) خصوصاً پشاور میں کتنے کیسز رجسٹرڈ ہوئے ہیں اور کتنے افراد کو سزا ملی ہے، کتنے افراد کو اغواء برائے تاوان میں گرفتار کیا گیا اور کتنے کو سزا ملی، مکمل تفصیل فراہم کی جائے، نیز کتنے پولیس افسران اغواء برائے تاوان میں ملوث پائے گئے ہیں، نام اور اب تک اس معاملے میں کئے گئے اقدامات کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب): (I) موجودہ آئی جی پی کی تعیناتی کے دوران ڈکیتی کے کل 81 مقدمات اور اغواء برائے تاوان کے کل 134 اور ٹارگٹ کلنگ کے 94 مقدمات درج ہو کر 487 ملزمان گرفتار ہو چکے ہیں جن میں 4 ملزمان سزایاب ہو چکے ہیں اور دیگر کے خلاف مقدمات زیر سماعت ہیں۔ (تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)

(II) ضلع پشاور میں اغواء برائے تاوان کے 86 مقدمات رجسٹرڈ ہو چکے ہیں اور 159 ملزمان گرفتار ہو کر ان کے خلاف مقدمات زیر سماعت ہیں۔

ذیل پولیس افسران جو اغواء میں ملوث پائے گئے ہیں جن کو ملازمت سے برخاست کیا گیا ہے اور تاحال سنٹرل جیل میں ہیں تاکہ اس قسم کے واردات میں سرکاری ملازمین کو مثالی سزا دی جا سکے اور یہی اقدامات حالات میں بہتری کی طرف ایک اہم قدم ہیں۔

1۔ ہیڈ کنسٹیبل فضل منان ولد عبدالحمید سکنہ کاٹلنگ مردان۔

2۔ کانسٹیبل شہر یار ولد زرشید سکنہ احمد خیل بڈھ بیر۔

3۔ کانسٹیبل شاہ فیصل ولد طلاء محمد سکنہ محمد زئی محمود خیل چارسدہ۔

2164 _ جناب جاوید نسیم: کیاوزیر داخلہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ پولیس میں سزا اور جزا کا عمل شروع کیا گیا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اب تک کتنے صوبائی اور کتنے وفاقی افسران کے خلاف کارروائی کی گئی ہے، افسران کے ناموں کی تفصیل بمعہ عہدہ اور ان کے خلاف کی گئی کارروائی کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ محکمہ پولیس میں سزا اور جزا کا عمل شروع ہو چکا ہے۔

(ب) صوبہ خیبر پختونخوا کے پولیس افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی شروع ہو کر پولیس افسران جن کو سزائیں دی گئی ہیں، ان کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

2148 _ مفتی سید جانان: کیاوزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت نے مرلن این جی او کو ایک معاہدہ کے تحت چند اضلاع میں صحت کے امور حوالے کئے گئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ این جی اوز اور صوبائی حکومت کے درمیان جو معاہدہ ہوا ہے، وہ کن شرائط پر مشتمل ہے، نیز مذکورہ معاہدہ مرلن این جی او محکمہ صحت سے متعلق مذکورہ اضلاع میں مالکانہ طور پر تو نہیں ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت)}: (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ حکومت خیبر پختونخوا نے مرلن این جی او کو ایک معاہدے کے تحت دو اضلاع دیر (زیریں) اور بونیر میں صحت کے امور حوالے کئے ہیں؛

(ب) مذکورہ این جی او اور حکومت خیبر پختونخوا محکمہ صحت کے درمیان معاہدے (جس میں شرائط کی تفصیل ایوان کو فرہم کی گئی)، نیز مذکورہ معاہدہ متعلقہ این جی او اور محکمہ صحت سے متعلق ان اضلاع میں مالکانہ طور پر نہیں ہے بلکہ یہ 30 جون 2015 تک لاگو ہے۔ مزید برآں محکمہ صحت ایک پراجیکٹ

Revitalizing Health Care Services کے ذریعے ان کی نگرانی کر رہا ہے جبکہ علاقائی سطح پر ضلع کا ڈی ایچ او بھی ان پر نگران ہے۔

2149 _ مفتی سید جانان: کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت نے پشاور کے چھوٹے اور بڑے ہسپتالوں میں ایم ایس کے ساتھ دیگر بڑے عہدوں پر تعیناتی کی ہے جن میں ایک سابق ڈائریکٹر ہیلتھ کی تعیناتی بھی شامل ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سابق ڈائریکٹر ہیلتھ کے خلاف کئی الزامات تھے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ سابق ڈائریکٹر ہیلتھ کی تعیناتی انصاف شفافیت کے منافی نہیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت)}: (الف) جی ہاں۔

(ب) جی نہیں۔

(ج) اس بارے میں عرض ہے کہ چونکہ ایم ایس خیبر تدریسی ہسپتال بی پی ایس 20 کی مینجمنٹ کیڈر پوسٹ ہے، لہذا ڈاکٹر محمد علی چوہان (بی پی ایس 20) کو ایم ایس خیبر تدریسی ہسپتال تعینات کیا گیا ہے؟

2157 _ مفتی سید جانان: کیا وزیر داخلہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی اسمبلی و قومی اسمبلی اور سینٹ اراکین اور دیگر وی آئی پیز کے ساتھ سرکاری گارڈز ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ممبران کے علاوہ غیر منتخب شدہ لوگوں کے ساتھ بھی سرکاری گارڈز ہوتے ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو صوبہ خیبر پختونخوا سے تعلق رکھنے والے صوبائی و قومی اور سینٹ ممبران کے ساتھ ساتھ غیر منتخب شدہ افراد کے ساتھ کتنے گارڈز موجود ہیں، نیز ان پر آنے والے اخراجات کی ماہانہ تفصیل ایئر وائز فراہم کی جائے؟

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): (الف) ہاں، یہ درست ہے، صوبائی و قومی اسمبلی سینٹ اراکین اور دیگر وی آئی پیز کے ساتھ سرکاری گارڈز موجود ہیں۔

(ب) یہ بھی درست ہے کہ دہشت گردی اور بعض حضرات کو درپیش ذاتی خطرات کے پیش نظر غیر منتخب شدہ لوگوں کو بھی سرکاری گارڈ دیئے گئے ہیں۔

(ج) صوبہ خیبر پختونخوا سے تعلق رکھنے والے صوبائی وقومی اسمبلی و سینٹ ممبران اور غیر منتخب شدہ افراد کے ساتھ موجود گارڈز کی تفصیل، ان پر آنے والے اخراجات کی ماہانہ اور سالانہ تفصیل علیحدہ علیحدہ ایوان کو فراہم کی گئی۔

2158 _ مفتی سید جانان: کیا وزیر داخلہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ہنگو میں متاثرین اورکزئی کیمپ میں نامعلوم حملہ آور نے دومرتبہ حملہ کیا ہے جس سے متعدد لوگ شہید اور زخمی ہوئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ حملے کی ایف آئی آر کن لوگوں کے خلاف کاٹی گئی، ایف آئی آر کی کاپی اور اس واقعہ میں ملوث لوگوں کے خلاف کئے گئے اقدامات کی تفصیل فراہم کی جائے، نیز حکومت نے متاثرین کیمپ کی حفاظت کے لئے کیا اقدامات اٹھائے ہیں؟

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): (الف) جی ہاں، ضلع ہنگو میں متاثرین اورکزئی کیمپ محمد خواجہ میں شرپسندوں نے دومرتبہ حملہ کیا ہے جس میں سات افراد شہید اور چودہ افراد زخمی ہوئے تھے۔

(ب) مذکورہ حملوں کی یف آئی آر نمبر 126 مورخہ 10 جون 2014 جرم /324/353/427/148 149/7ATA تھانہ صدر درج کیا گیا ہے۔ وقوعہ ہذا آدھی رات کو رونما ہوا جس میں نامعلوم دہشتگردوں نے دور سے متاثرین کیمپ پر فائرنگ کی، پولیس نے جوابی کارروائی کرتے ہوئے دہشتگردوں کو پسپا کیا جبکہ دوسرا حملہ مورخہ 28-09-2014 کو پیش آیا جس کا ایف آئی آر نمبر 193 مورخہ 28-09-2014 جرم 302/324/427-3/4Exp/7ATA تھانہ صدر درج رجسٹر ہو چکا ہے جس میں نامعلوم دہشتگردوں نے بارود سے بھری موٹر سائیکل متاثرین کیمپ میں داخل کی تھی جس سے زوردار دھماکہ ہوا جن میں سات افراد موقع پر شہید اور چودہ زخمی ہوئے۔ پولیس نے تفتیش شروع کر کے دو ملزمان لعل زادہ ولد غریب گل اور صادق ولد خیر محمد ساکناں شاہو خیل نامزد کئے گئے ہیں جن کی گرفتاری کی کوشش جاری ہے۔ دیگر متاثرین کیمپ کی حفاظت کے لئے پولیس ایس آئی، ایک، ہیڈ کانسٹیبل، ایک اور آٹھ کانسٹیبلان، اسی طرح فرنٹیئر کنسٹبلری کا ایک صوبیدار اور بارہ سپاہی، اورکزئی لیوی کا ایک نائب صوبیدار اور سترہ سپاہی، ڈسٹرکٹ لیوی کے دو حولدار اور تین سپاہی متاثرین اورکزئی کیمپ کی حفاظت کے لئے تعینات کئے گئے ہیں جو دن رات ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں۔

جناب سپیکر: اوکے، بریک، ان شاء اللہ نماز اور چائے کے لئے بریک کرتے ہیں۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز عصر اور چائے کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر: جعفر شاہ صاحب۔

جناب جعفر شاہ: امتیاز صاحب وائی چی زہ بہ اوکرم۔

جناب سپیکر: بنہ جی، امتیاز صاحب۔

قاعدہ کا معطل کیا جانا

Mr. Imtiaz Shahid (Minister for Law): Mr. Speaker Sir, I beg to move that under rule 240, rule 124 may please be suspended to allow me to move the resolution.

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that rule 124 may be relaxed under rule 240, to allow the honourable Members to move their resolution? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Ji, Imtiaz Shahaid Sahib.

قرارداد

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون): محترم جناب سپیکر صاحب! جیسا کہ ہم سب جانتے ہیں کہ پاکستان کے قبائلی علاقوں کے افراد محب وطن پاکستانی ہیں اور ہمیشہ انہوں نے پاکستان کی بقاء کے لئے بیش بہا قربانیاں دی ہیں اور حالیہ دہشتگردی کے واقعات نے قبائلی عوام کی مشکلات میں بھی، مسائل میں بھی بہت زیادہ اضافہ کیا ہے اور مختلف اوقات میں انہیں گھر بار بھی چھوڑنا پڑا ہے تو اس ضمن میں ان کے کچھ جائز مطالبات ہیں جن کو ہم مشترکہ طور پر دونوں اپوزیشن اور ٹریژری بینچز ملکر یہ قرارداد پیش کرنا چاہتے ہیں۔ میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بسم اللہ، جی۔

وزیر قانون: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ اسلامی جمہوریہ پاکستان۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: پہلے نام لے لو جس جس نے اس پر Sign کئے ہیں۔

وزیر قانون: جناب سید جعفر شاہ صاحب، محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی صاحبہ، سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب، حبیب الرحمان صاحب، ضیاء اللہ افریدی صاحب اور محمد عصمت اللہ، ایم پی اے، مسٹر محمد علی شاہ صاحب اینڈ امتیار شاہد قریشی۔

جناب سپیکر: جی۔

وزیر قانون: اسلامی جمہوریہ پاکستان کے ہر شہری کو اس بات کا ادراک ہے کہ پاکستان کے قبائلی علاقوں کے افراد محب وطن پاکستانی ہیں، پاکستان کی بقاء اور سالمیت کے لئے ان کی بیش بہا خدمات ہیں۔ قیام پاکستان کی تحریک میں انہوں نے اپنی قیمتی جانوں اور مال کے نذرانے پیش کئے۔ یہ لوگ بغیر تنخواہ کے ملک کی مغربی سرحدات کے محافظ ہیں اور ہر مشکل وقت میں حکومت کا ساتھ دیتے آئے ہیں جبکہ حالیہ دہشتگردی کے واقعات نے قبائلی عوام کی مشکلات اور مسائل میں بے پناہ اضافہ کر دیا ہے اور مختلف اوقات میں انہیں گھر بار بھی چھوڑنا پڑا ہے۔ ان کی املاک کو بہت نقصان پہنچا لیکن سچے اور وفادار پاکستانی ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے حکومت وقت کے حکم پر سر تسلیم خم کرتے ہوئے اپنے گھر بار چھوڑ کر کیمپوں میں مقیم ہوئے تاہم یہاں روزگار کے مواقع نہ ہونے، تعلیم اور صحت کی عدم سہولیات اور مواصلاتی نظام کی عدم موجودگی کی وجہ سے لوگ انتہائی کسمپرسی کی زندگی گزار رہے ہیں، یہاں تک کہ انہیں آئین پاکستان میں ذکر شدہ بنیادی انسانی حقوق سے بھی محروم رکھا گیا ہے، لہٰذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ اعلیٰ عدلیہ کے دائرہ کار کو وفاق کے زیر انتظام قبائلی علاقوں تک بڑھایا جائے تاکہ انصاف کے بنیادی تقاضے پورے ہو سکیں۔ اس کے علاوہ جملہ قبائلی اکائیوں میں ہسپتالوں کا قیام اور تعلیمی انقلاب کے لئے اقدامات کئے جائیں جن میں میڈیکل، انجنیئرنگ، کیڈٹ کالجز اور خواتین یونیورسٹی کا قیام عمل میں لایا جائے، نیز قبائلی عوام کو روزگار کے لئے انڈسٹریز کا قیام بھی عمل میں لایا جائے تاکہ قبائلی عوام کی محرومیوں کا ازالہ ہو سکے۔ اس کے علاوہ بلدیاتی انتخابات کا انعقاد قبائلی علاقوں میں بھی یقینی بنایا جائے۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: جعفر شاہ صاحب۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو جناب سپیکر۔ قرارداد: اسلامی جمہوریہ پاکستان کے ہر شہری کو اس بات کا ادراک ہے کہ پاکستان کے قبائلی علاقوں کے افراد محب وطن پاکستانی ہیں، پاکستان کی بقاء اور سالمیت کے لئے ان کی بیش بہا خدمات ہیں۔ قیام پاکستان کی تحریک میں انہوں نے اپنی قیمتی جانوں اور مال کے نذرانے

پیش کئے۔ یہ لوگ بغیر تنخواہ کے ملک کی مغربی سرحدات کے محافظ ہیں اور ہر مشکل وقت میں حکومت کا ساتھ دیتے آئے ہیں جبکہ حالیہ دہشتگردی کے واقعات نے قبائلی عوام کی مشکلات اور مسائل میں بے پناہ اضافہ کر دیا ہے اور مختلف اوقات میں انہیں گھر بار بھی چھوڑنا پڑا ہے۔ ان کی املاک کو بہت نقصان پہنچا لیکن سچے اور وفادار پاکستانی ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے حکومت وقت کے حکم پر سر تسلیم خم کرتے ہوئے اپنے گھر بار چھوڑ کر کیمپوں میں مقیم ہوئے تاہم یہاں روزگار کے مواقع نہ ہونے، تعلیم اور صحت کی عدم سہولیات اور مواصلاتی نظام کی عدم موجودگی کی وجہ سے لوگ انتہائی کسمپرسی کی زندگی گزار رہے ہیں، یہاں تک کہ انہیں آئین پاکستان میں ذکر شدہ بنیادی انسانی حقوق سے بھی محروم رکھا گیا ہے، لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ اعلیٰ عدلیہ کے دائرہ کار کو وفاق کے زیر انتظام قبائلی علاقوں تک بڑھایا جائے تاکہ انصاف کے بنیادی تقاضے پورے ہو سکیں۔ اس کے علاوہ جملہ قبائلی اکائیوں میں ہسپتالوں کا قیام اور تعلیمی انقلاب کے لئے اقدامات کئے جائیں جن میں میڈیکل، انجنیئرنگ، کیڈٹ کالجز اور خواتین یونیورسٹی کا قیام عمل میں لایا جائے، نیز قبائلی عوام کو روزگار کے لئے انڈسٹریز کا قیام بھی عمل میں لایا جائے تاکہ قبائلی عوام کی محرومیوں کا ازالہ ہو سکے۔ اس کے علاوہ بلدیاتی انتخابات کا انعقاد قبائلی علاقوں میں بھی یقینی بنایا جائے۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: نلوٹھا صاحب۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے ہر شہری کو اس بات کا ادراک ہے کہ پاکستان کے قبائلی علاقوں کے افراد محب وطن پاکستانی ہیں، پاکستان کی بقاء اور سالمیت کے لئے ان کی بیش بہا خدمات ہیں۔ قیام پاکستان کی تحریک میں انہوں نے اپنی قیمتی جانوں اور مال کے نذرانے پیش کئے۔ یہ لوگ بغیر تنخواہ کے ملک کی مغربی سرحدات کے محافظ ہیں اور ہر مشکل وقت میں حکومت کا ساتھ دیتے آئے ہیں جبکہ حالیہ دہشتگردی کے واقعات نے قبائلی عوام کی مشکلات اور مسائل میں بے پناہ اضافہ کر دیا ہے اور مختلف اوقات میں انہیں گھر بار بھی چھوڑنا پڑا ہے۔ ان کی املاک کو بہت نقصان پہنچا لیکن سچے اور وفادار پاکستانی ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے حکومت وقت کے حکم پر سر تسلیم خم کرتے ہوئے اپنے گھر بار چھوڑ کر کیمپوں میں مقیم ہوئے تاہم یہاں روزگار کے مواقع نہ ہونے، تعلیم اور صحت کی عدم سہولیات اور مواصلاتی نظام کی عدم موجودگی کی وجہ سے لوگ انتہائی کسمپرسی کی زندگی گزار رہے ہیں، یہاں تک کہ انہیں آئین پاکستان میں ذکر شدہ بنیادی انسانی حقوق سے بھی محروم رکھا گیا ہے، لہذا یہ اسمبلی

صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرے کہ اعلیٰ عدلیہ کے دائرہ کار کو وفاق کے زیر انتظام قبائلی علاقوں تک بڑھایا جائے تاکہ انصاف کے بنیادی تقاضے پورے ہو سکیں۔اس کے علاوہ جملہ قبائلی اکائیوں میں ہسپتالوں کا قیام اور تعلیمی انقلاب کے لئے اقدامات کئے جائیں جن میں میڈیکل، انجنیئرنگ، کیڈٹ کالجز اور خواتین یونیورسٹی کا قیام عمل میں لایا جائے، نیز قبائلی عوام کو روزگار کے لئے انڈسٹریز کا قیام بھی عمل میں لایا جائے تاکہ قبائلی عوام کی محرومیوں کا ازالہ ہو سکے۔اس کے علاوہ بلدیاتی انتخابات کا انعقاد قبائلی علاقوں میں بھی یقینی بنایا جائے۔ شکریہ۔

<u>جناب سپیکر</u>: منور خان صاحب! تاسو۔

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ</u>: زما پہ خیال خو دا کافی دہ۔

<u>جناب سپیکر</u>: کافی دے کنہ۔

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ</u>: کافی دے جی۔

<u>Mr. Speaker</u>: Okay. The motion before the House is that the resolution, moved by the honourable Members, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker</u>: The 'Ayes' have it. The resolution is adopted unanimously.

(Interruption)

<u>جناب سپیکر</u>: جی ملک قاسم صاحب! یہ چھٹی کی وہ کر لوں، اس کے بعد ملک صاحب! آپ بات کر لینگے، یہ چھٹی کی درخواستیں سامنے رکھتا ہوں ریکویسٹس، صرف دو منٹ میں اس کے بعد آپ کو موقع دیتا ہوں، اس کے بعد۔

اراکین کی رخصت

<u>جناب سپیکر</u>: یہ چھٹی کی درخواستیں آئی ہیں، جن میں: جناب ملک بہرام خان صاحب، ایم پی اے، 05-01-2015 تا 06-01-2015؛ جناب سکندر حیات شیرپاؤ صاحب، ایم پی اے 05-01-2015؛ جناب محمد عارف صاحب، ایم پی اے 05-01-2015؛ جناب شکیل احمد صاحب، ایڈوائزر 05-01-2015؛ جناب یاسین خان خلیل صاحب، ایم پی اے 05-01-2015؛ جناب شاہ حسین صاحب، ایم پی اے 02-01-2015 تا اختتام اجلاس؛ سراج الحق صاحب 05-01-2015 تا 09-01-2015۔ منظور ہیں جی؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب سپیکر: جی ملک قاسم صاحب۔

رسمی کارروائی

ملک قاسم خان خٹک (مشیر جیلخانہ جات): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریه جناب سپیکر۔ یو ډیر اهم نوعیت سره پوائنټ آف آرډر زه پیش کوم۔ د دې په حواله کښې تاسو سره مخکښې هم ما چیمبر کښې خبره کړې وه۔ وفاقي حکومت لګیا دے د ډسترکټ کرک او د کوهاټ نه یو لوئي لائن د ګیس پائپ لائن ئے شروع کړے دے ، فیصل آباد ته ئے بیائی۔ آرټیکل 158 آئین پاکستان دا وائی او دا مونږ پهلا نعره وه چې خپله'خاوره خپل اختیار' ، اوس د دې ځائې نه چې مونږ خپلې صوبې کښې د ګیس لوډ شیډنګ او دومره کمے دے ، خصوصاً چې کومه علاقه کوهاټ ډویژن چې هغه ګیس پیدا کوی، هغه علاقه کښې ګیس نشته، زمونږ په خپله ضلع کښې ګیس نشته، په کوهاټ کښې نشته، په هنګو کښې نشته او هغې نه بعد دوئ لګیا دی فیصل آباد ته چوبیس انچ غالباً لوئي لائن ئے شروع کړے دے ، چوبیس انچ، نو زه دې هاؤس ته خصوصی ریکویسټ کوم چې دې هاؤس نه د داسې یو مشترکه قرارداد موؤ شی چې دا ګیس چې کوم پائپ لائن بچهاویږی لګیا دے چې دا بند شی، پهلا د زمونږ صوبې ته خپل حق راکړی چې مونږ سبا د خپل ګیس نه مستفید شو۔ شکریه، ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: زما په خیال دا ډیره Genuine خبره ده خو که دې باندې تاسو ټول کښیناستئ او یو مشترکه ریزولیوشن مو پرې راوړو او سبا که خیر وی مونږ به انشاء الله بیا تاسو له موقع درکړو او تاسو یو جوائنټ ریزولیوشن سبا د پاره جوړ کړئ او خپلو کښې Consensus جوړ کړئ چې یو جوائنټ۔۔۔

جناب امجد خان آفریدی (مشیر کھیل وسیاحت): سپیکر صاحب! دا خو ډیره اهمه ایشو ده او په دې باندې قرارداد۔۔۔۔

جناب سپیکر: بالکل۔

مشیر کھیل وسیاحت: به روړو او چیک۔۔۔۔

جناب سپیکر: چیک به ئے کړئ۔ هغه به تاسو سبا که خیر وی تاسو امجد خان، امجد خان خبره اوکړی که تاسو هم څوک خبره کوئ خو ښه خبره دا ده چې دا ډیر اهم ایشو ده، په دي باندي تاسو ټول چې څومره پارلیمانی لیډرز کښینئ او یو جوائنټ ریزلیوشن پري راوړئ۔ جی، امجد صاحب۔

مشیر کھیل و سیاحت: مهربانی سپیکر صاحب۔ ملک قاسم خان چې کومه خبره اوکړه، دا بالکل Genuine ده جی، چوبیس انچ لائن دےاو ډائریکټ فیصل آباد ته دے جی۔

جناب سپیکر: جی کریم خان۔

جناب عبدالکریم: مهربانی سپیکر صاحب۔ په دي قرارداد کښي جناب سپیکر صاحب! د دي خبري نشاندهی پکښي پکار ده چې زمونږ په ټول ملک کښي خو Monotorium لګیدلے خو خصوصاً زمونږ صوبه چې ده نو مونږ سره تقریباً نو نه دس پرسنټه پوري ګیس Un-consumed د آئین مطابق پاتي دے چې د دي خبري پکښي واضح ذکر اوشی چې زمونږ دا صوبه چې ده دا دي د Monotorium نه مستثنیٰ شی۔

جناب سپیکر: کومه خبره چې دغه اوکړه نو زه به ټولو تاسو چې پارلیمانی لیډرز یا څوک چې کوم نمائندګی کوی، تاسو خپلو کښي کښینئ او په دي باندي یو جوائنټ ریزلیوشن راوړئ څکه چې دا خو په هر صورت باندي وړومبے چې د دي صوبي ضرورت پوره شی، د هغي نه پس چې بیا څه اضافی ګیس وی چې بیا ئے چرته ورکوی نو هغه د ورکوی خو په دي باندي تاسو یو جوائنټ ریزلیوشن راوړئ۔ سبا به که خیر وی بیا ان شاءالله تاسو ته مونږ دا موقع درکړو۔ جعفر شاه صاحب! په دي باندي-----

جناب جعفر شاه: زما یو پوائنټ دے، مهربانی۔ په دي خو به ریزلیوشن راوړو، تهینک یو جناب سپیکر صاحب، زه جی پرون په کراچئ کښي یوه ډیره عظیمه واقعه شوي ده او آئے روز هلته کښے د پښتنو Genocide روان دے، قتل عام کیږی، زمونږ د پارټئ یو ډیر مشر سیف الله آفریدی صاحب ډیر په بي دردئ باندي قتل شوے دے، زه د دي فورم نه د دي ټولو په یو آواز باندي دا مطالبه

کوم د سندھ حکومت نه چې هغه قاتلان د گرفتار کړے شی او پښتنو ته د هلته تحفظ ورکړے شی او کوم چې شهید شوے دے، د هغه د خدائے درجات بلند کړی۔ سره سره جي مونږ دا دعا هم کؤو چې په بونیر کښي کوم واقعات شوی دی او مولانا فضل غفور صاحب د هغي ذکر اوکړو، د هغوی په حق کښي هم دعا کوؤ چې خدائے هغوی له جنت ورکړی او د هغوی درجات بلند کړی۔

<u>جناب سپیکر</u>: مفتی فضل غفور صاحب! تاسو دعا هم اوکړئ او زما په خیال باندي دا شکایت نور هم ملاؤ شی چې په کراچئ کښي د پښتنو حوالي سره چې دے نو داسي دغه کیږی نو که داسي یو پارلیمانی پارټی تاسو یو خپل دغه جوړ کړئ، دے باندي سیچویشن اوګورئ ټول او په هغي باندي تاسو جوائنټ خبره اوکړئ نو زما خیال دے، دا به ډیره ضروری وی ځکه چې ماته خپله پرسنل هم داسي ډیر زیات کمپلینټس ملاؤیږی چې د پښتنو خلاف په کراچئ کښي ډیر زیات داسي دغه کیږی چې هغه بالکل کارنر کیږی لګیا دی۔ مفتی صاحب! دعا اوکړئ۔

(اس مرحلہ پر مرحومین کے لئے دعائے مغفرت کی گئی)

<u>Mr. Speaker</u>: Mr. Sultan Muhammad Khan, item No. 5: Privilege motion, please.

مسئلہ استحقاق

<u>Mr. Sultan Muhammad Khan</u>: Thank you, Mr. Speaker. Privilege Motion: For the last, Mr. Speaker! for the last about two weeks, I had been trying to contact the Vice Chancellor of Abdul Khan University, Mardan. The purpose of my contact was to discuss some problems of public educational interests. However, after two weeks, the Private Secretary of the Vice Chancellor contacted to tell me that the Vice Chancellor has got only ten minutes from 2.00 to 2.10 pm on Friday, 28th November. Is this the proper way to respond to a Member of this August House? This act has breached my as well as the privilege of this whole House, may be referred to the concerned Committee.

جناب سپیکر! آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے پریولج موشن پیش کرنے کی اجازت دی۔ جناب سپیکر! بہت مختصراً ایک دو پوائنٹس، وہ ذرا میں واضح کرنا چاہتا ہوں۔ یہاں پر اس August House میں جب بھی پریولج موشن پیش ہوتی ہے تو بعض موقعوں پر ایک Impression یہاں سے یہ

جاتا ہے کہ آنریبل ممبر جو ہیں، وہ ہو سکتا ہے آنا کی وجہ سے یا کوئی Ego کا کوئی براپلم ہے، اس کی وجہ سے زیادہ تر پریویلج موشنز چھوٹی چھوٹی باتوں پر وہ پیش کرتے ہیں لیکن جناب سپیکر، میں یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ وائس چانسلر صاحب کے ساتھ میں نے کوئی رابطہ کیا ہے تو یہ اس August House میں جتنے بھی ممبرز موجود ہیں، یہ سب ممبرز جو ہیں یہ بہت محنت، بہت مشقت، بہت جدوجہد کے بعد اس قابل بنے ہیں کہ اس August House تک وہ پہنچے ہیں اور یہ اس طرح نہیں پہنچے ہیں کہ راتوں رات وہ صبح اٹھے ہیں تو انہیں کہا گیا کہ آپ جائیں اور آپ ممبر بن گئے ہیں۔ یہاں پر ہم جب بیٹھتے ہیں، جب ہم Represent کرتے ہیں، جب ہم کسی کے ساتھ بات کرتے ہیں تو جناب سپیکر! ہمارے پیچھے جن لوگوں نے ہمیں مینڈیٹ دیا ہوا ہے، جن لوگوں کو ہم Represent کرتے ہیں، ان کا حق ہے ہمارے اوپر جناب سپیکر، جناب سپیکر! اگر میں کسی ذاتی معاملے پر وائس چانسلر صاحب کے پاس جاتا اور اس طرح کا سلوک میرے ساتھ پیش آتا تو میں آن دی فلور آف دی ہاؤس یہ یقین اور باور کرانا چاہتا ہوں کہ میں کبھی بھی پریویلج موشن نہیں لاتا، میری Up bringing اس طرح ہوئی نہیں ہے کہ میں ایک ذاتی انا کے مسئلے کو پریویلج موشن کی شکل میں لے آوں لیکن جناب سپیکر! یہ ہاؤس اس میں جتنے بھی ممبرز ہیں، آپ نے اس سے پہلے رولنگ بھی ابھی دی ہے، اس ہاؤس کا ہر ایک ممبر معزز ہے اور معزز اس وجہ سے ہے کہ وہ Represent کر رہا ہے اس صوبے کے عوام کو، ہمارے لئے جتنے بھی ہمارے سرکاری افسران صاحبان ہیں، جو بیوروکریسی ہے، ہرگز اس کا مطلب نہیں ہے کہ انکی عزت ہم سے کم ہے، یہ دو جوویلز ہیں، اس صوبے کو چلا رہے ہیں لیجسلیٹرز اور بیوروکریسی، تو میرے خیال میں جناب سپیکر! اگر ہم انکی عزت کریں اور یہ ہماری عزت نہ کریں لیکن جن لوگوں نے ہمیں ووٹ دیا ہے، انکی عزت کو خاطر میں رکھتے ہوئے ہمارے ساتھ یہ سلوک نہ کریں۔ تو جناب سپیکر! اس پریویلیج موشن لانے کا مقصد میرا یہی تھا کہ اس ہاؤس میں اگر لیڈر آف دی ہاؤس، ہمارے آنریبل چیف منسٹر صاحب، اگر لیڈر آف دی اپوزیشن ہیں، اگر آنریبل ممبرز جو ٹریژری پر بیٹھے ہوئے ہیں، جو اپوزیشن بنچز پر بیٹھے ہوئے ہیں اور جناب سپیکر! آپ کی کرسی جو سب سے زیادہ ہمارے لئے مقدس ہے اور قابل عزت ہے، تو میں اس لئے یہ پریویلج موشن لایا تھا کہ اس ہاؤس میں یہ فیصلہ ہو جائے کہ کیا اس ہاؤس کی عزت ہے، کیا اس ہاؤس کے ممبران کی عزت ہے، کیا اس ہاؤس کے ممبران جب اپنے لوگوں کو Represent کرتے ہیں تو انکی Opinion کو، انکی بات کو Due weight دینا چاہیے یا نہیں چاہیے؟ تو جناب سپیکر! یہی میرا ایک مقصد تھا، آخر میں میں یہ Add کرتا چلوں، میں تو یہ سمجھ رہا تھا

کہ اس کو میں آگے لیکر جاؤنگا کیونکہ مقصد میرا یہی تھا لیکن اس دوران وائس چانسلر صاحب نے میرے ساتھ رابطہ کیا ہے، انہوں نے Excuse بھی کیا ہے اور انہوں نے یہ یقین دلایا ہے، یہ یقین نہیں دلایا کہ میں آج کے بعد سلطان کی عزت کرونگا یا اس کو میں Due جو اس کی Respect ہے، وہ دونگا، یقین اس نے یہ دلایا ہے کہ اس ہاؤس کے ہر ایک ممبر کو وہ Respect میں دونگا جو اس ہاؤس کے ہر ایک ممبر کا حق ہے، تو جناب سپیکر! پھر (تالیاں) اگر اس بات پر وہ Commitment، یہاں پر آنریبل منسٹر صاحب جو اس ڈیپارٹمنٹ کو Represent بھی کرتے ہیں، اگر یہ Commitment ہمیں دی جاتی ہے کہ اس آنریبل ہاؤس کے ہر ایک ممبر کو اس کا Due weight اور Due عزت دی جائیگی تو جناب سپیکر! پھر میں Insist نہیں کرونگا، پھر میں اس کو Withdraw کرنے کے لئے تیار ہوں لیکن میں سننا چاہونگا منسٹر صاحب سے کہ وہ کیا کہیں گے اس کے اوپر۔

جناب سپیکر: جی منسٹر صاحب، مشتاق غنی صاحب۔

جناب مشتاق احمد غنی (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): جناب سپیکر، آنریبل ممبر نے 26 تاریخ کی Date مانگی تھی اور 28 کی Date ان کو شاید انہوں نے دی ہے اس میں اور یہ اس دن Available نہیں تھے لیکن بات انہوں نے خود ہی ختم کر دی ہے، میں تو On behalf کوئی Commitment نہیں دے سکتا، یہ اگر Insist کرتے ہیں تو میں تو اس کو زیادہ سے زیادہ پریویلیج کمیٹی کے سپرد کر سکتا ہوں اور انہوں نے ان کو معاف کر دیا اور انہوں نے کوئی ٹیلیفون کر دیا ہے اور ان کے ساتھ انکی ڈائریکٹ یہ Commitment ہو گئی ہے کہ In future will take care for all the honourable Members of this august House and if he is satisfied then it`s okay, we are not اور if not تو جیسے یہ کہتے ہیں We will do like that

جناب سلطان محمد خان: جناب سپیکر، یہ Understood بات ہے کہ وائس چانسلر صاحب چونکہ اس August House کے ممبر نہیں ہیں تو وہ یہاں پر Commitment نہیں دے سکتے لیکن میرے خیال میں جس ڈیپارٹمنٹ۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی ایک منٹ، شاہ فرمان صاحب! آپ کے ڈیپارٹمنٹ کے حوالے سے کچھ لوگ آئے ہیں، ان کے ساتھ بات کریں، جو بھی طریقہ ہے مہربانی کریں اس کو ہینڈل کریں۔ باہر جو لوگ بیٹھے ہیں، ویلفیئر والے، روڈ بلاک کیا ہے اور یہ کلیئر انسٹرکشنز ہیں، کلیئر انسٹرکشنز، نہیں شاہ فرمان صاحب! آپ جائیں ان کو مل لیں، یہ تو نہیں ہے کہ روڈ بلاک ہو، آپ چیک کر لیں اس کو۔

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): کچھ لوگ ان کے پاس گئے ہیں، جیسے وہ لوگ آجائینگے میں اس کے بعد پھر۔

جناب سپیکر: اوکے، اوکے۔ اچھا جی۔

جناب سلطان محمد خان: تو سر، میں یہی کہہ رہا تھا کہ Minister Sahib is representing the Higher Education Department, he is the head of that Department. He is میرے لئے چونکہ He is the Member of this august House کیونکہ Minister for that Department، ان کی بات جو ہے، ان کی ایشورنس جو ہے کہ یہ Assure کرائیں گے کہ ان کے ڈیپارٹمنٹ میں جتنے بھی آفیشلز ہیں، وہ اس August House کے ہر ایک ممبر کی عزت کرینگے، On that score I will withdraw my privilege motion اگر یہ ایشورنس مجھے دیتے ہیں۔

جناب سپیکر: اوکے، اچھا جی وہ کہتا ہے آپ نہ Withdraw کریں، جو بھی آپ Withdraw کرتے ہیں، جو بھی ہے۔

جناب سلطان محمد خان: میں کلیئر کر دوں سر، سر! اگر منسٹر صاحب کو یہ Confidence نہیں ہے کہ عزت۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: Withdraw کرتے ہیں آپ؟

جناب سلطان محمد خان: بھیج دیں سر، بھیج دیں سر، اگر منسٹر صاحب نہیں دے سکتے ایشورنس تو۔۔۔۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: نہیں، میں کیسے ایشورنس دے سکتا ہوں On behalf of some Vice Chancellors, how I can give that? If he does the same again and again then

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: میں ایک بات سلطان خان! یہ کہ چونکہ اس وقت تو منسٹری کوئی وہ نہیں ہے، یہ آپ کی پرسنل ہے، اگر آپ Withdraw کرنا چاہتے ہیں تو میں Withdraw کر لیتا ہوں۔

جناب سلطان محمد خان: سر، ان حالات میں پھر اس کو Withdraw نہیں کر سکتا، میں اس کو پھر سر! چاہونگا کہ یہ کمیٹی میں چلا جائے۔

جناب سپیکر: جی منسٹر صاحب۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: ٹھیک ہے، آنریبل منسٹر صاحب چاہتے ہیں۔

جناب سلطان محمد خان: سر! کمیٹی میں بھیج دیں سر۔

جناب سپیکر: میں اس طرح کرتا ہوں کہ اس کو پینڈنگ رکھتا ہوں۔

جناب سلطان محمد خان: سر! کمیٹی میں پھر بھیج دیں کیونکہ سر! یہ تو۔۔۔

جناب سپیکر: اگر آپ چاہتے ہیں تو پینڈنگ رکھ دیتے ہیں کیونکہ آپ کا Consensus آجائے نا کہ کیا کرنا ہے اس کے اوپر؟

جناب سلطان محمد خان: سر، ابھی Consensus آگیا ہے کہ منسٹر صاحب بھی اس کے حق میں ہیں، ہم سب بھی اس کے حق میں ہیں، پھر بھیج دیں سر۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، بات یہ ہے۔۔۔۔

جناب سپیکر: نلوٹھا صاحب۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: یہ تمام محکمے جتنے بھی ہیں، نلوٹھا صاحب! ایک سیکنڈ، سر! جتنے بھی ڈیپارٹمنٹس ہیں گورنمنٹ کے، کوئی بھی، ان سب کو یہ کلیئر انسٹرکشنز ہوتی ہیں کہ اس ہاؤس کا کوئی بھی آنریبل ممبر جو ہے، اس کو آپ نے Equal weightage دینی ہے، اس کی بات سننی ہے، اس کو عزت اور احترام سے آپ نے اگر وہ ٹائم چاہتے ہیں تو دینا ہے، یہ تو For all the departments ہے اور پورے ہاؤس کے لئے ہے، But even then اگر کوئی ڈیپارٹمنٹ یا کسی جگہ کسی ممبر کے ساتھ کوئی بدتمیزی کرتا ہے جس سے پریویلج اس کا متاثر ہوتا ہے اور ممبر پھر ہاؤس میں لے آتا ہے وہ چیز، اب یہ Defend کرتا ہے اس آنریبل ممبر کا جس کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ ہم تو یہ کہہ سکتے ہیں جی کہ ہم تو اس کی راہ میں رکاوٹ نہیں بنتے کہ نہیں جی یہ کمیٹی میں نہیں جانا چاہیے اور ہم اس آفیسر کو ایڈووکیٹ کرنا شروع ہو جائیں، اس لئے اگر ان سے انہوں نے Personally معافی مانگ لی ہے اور یہ Satisfied ہیں کہ بھئی اور اس نے Commitment بھی دے دی ہے کہ جی میں آئندہ اس ایوان کا کوئی بھی ممبر آئے گا، میں اس کو عزت اور احترام دوں گا تو یہ اچھی بات ہے، ہمیں تو کوئی اعتراض نہیں ہے اس پر۔

جناب سپیکر: جی سلطان صاحب۔

جناب سلطان محمد خان: Sir, under the circumstances میری ریکویسٹ پھر یہ ہے کہ اس کو کمیٹی کے حوالے کر دیا جائے۔

جناب سپیکر: جی جی، چلو بس کمیٹی کے حوالے کرتے ہیں پھر۔

Is it the desire of the House that the motion be referred to the Privilege Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The motion is referred to the Privilege Committee.

(Applause)

جناب سپیکر: میڈم یاسمین پیر محمد خان۔ اس نے پہلے بھی ریکویسٹ کی تھی، وہ منسٹر صاحب کی آج میٹنگ تھی چیف الیکشن کمشنر کے ساتھ تو اس نے ریکویسٹ کی تھی کہ اس کو Back date پر، تو میں اس کو کل ایڈجسٹ کرتا ہوں آپ کے کوسچن کو۔

محترمہ یاسمین پیر محمد خان: ٹھیک ہے جی۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، دا سبا کبنبي راوړئ۔ شاہ حسین خان ایم پی اے ، سید جعفر شاہ صاحب، ایم پی اے آیتم نمبر 7۔

توجہ دلاؤ نوٹس ہا

جناب جعفر شاہ: تھینک یو سر۔ جناب سپیکر! یہ میرا اور شاہ حسین کا مشترکہ توجہ دلاؤ نوٹس ہے: ہم اس معزز ایوان کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کروانا چاہتے ہیں، وہ یہ کہ پورے خیبر پختونخوا میں خواتین کا اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کا واحد ادارہ 'بے نظیر ویمن یونیورسٹی پشاور' ہے، یونیورسٹی سے ملحقہ ڈگری کالجز میں بی ایس پروگرام کے ساتھ ساتھ جملہ مضامین میں بی ایس سی کلاسز کا اجراء بھی کیا گیا ہے لیکن خواتین کی اس واحد یونیورسٹی میں ایم ایس سی میں کسی بھی مضمون میں کلاسز شروع نہیں کی گئی ہیں، اس طرح آبادی کے ففٹی ٹو پرسنٹ حصے کو نظر انداز کیا جا رہا ہے اور طالبات کا قیمتی وقت ضائع کیا جا رہا ہے۔ اس اہم مسئلے پر غور ضروری ہے تاکہ مذکورہ یونیورسٹی میں تمام مضامین میں ایم ایس سی کلاسز کا اجراء کیا جا سکے۔

جناب سپیکر: جی مشتاق غنی صاحب۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: جناب سپیکر! آنریبل ممبر یہ کہہ رہے ہیں کہ مذکورہ یونیورسٹی میں ایم اے / ایم ایس سی کی کلاسز نہیں ہیں جیسے ان کے باقی Affiliated اداروں میں ہیں لیکن جو میرے پاس جواب ہے، اس میں سائیکالوجی میں ایم اے / ایم ایس سی کی کلاسز ہیں، کمپیوٹر سائنس میں ہیں اور Numerical

Scienceایم اے / ایم ایس سی کلاسز موجود ہیں،Mathematicsمیں ایم اے ایم ایس سی کی کلاسز موجود ہیں اور سٹیٹسٹکس میں ایم اے ایم ایس سی کی کلاسزAlready ویمن یونیورسٹی میں موجود ہیں، Have the also Sir!، سو یہ آپ کا تھا توجہ دلا کہ اس میں یہ نہیں ہے، تو یہ ڈسپلن Already موجود ہیں اور جو نہیں ہیں، وہ بھی جلد ہی شروع کرینگے انشاء اللہ تعالیٰ۔

<u>جناب سپیکر:</u> ٹھیک ہے جی!

<u>جناب جعفر شاہ:</u> ٹھیک ہے، یقین دہانی ہو گئی، تھینک یو ویری مچ۔

<u>جناب سپیکر:</u> جو نہیں ہیں وہ اس کو کر لیں۔

Mr. Reshad Khan, not present, it lapses. Item No. 10 and 11: Honourable Minister for Law, Imtiaz Shahid Sahib. Item No. 10 and 11: Honourable Imtiaz Shahid Sahib.

<u>سید محمد اشتیاق (معاون خصوصی برائے ماحولیات):</u> Sir ji, we are ready, Sir پوچھیں جو بھی پوچھیں، امنڈمنٹ کے لئے سر۔

<u>جناب سپیکر:</u> څنګه چل دے، پیش خو کړئ کنه، تا سو دغه کړئ کنه، ټیبل خو کړئ کنه، ټیبل کړه۔

مسودہ قانون کا زیر غور لایا جانا

<u>Minister for Law:</u> Mr. Speaker Sir, I, on behalf of the honourable Chief Minister, move that the Khyber Pakhtunkhwa, Wildlife and Biodiversity (Protection, Preservation, Conservation and Management) Bill, 2014 may be taken into consideration at once.

<u>Mr. Speaker:</u> The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Wildlife and Biodiversity (Protection, Preservation, Conservation and Management) Bill, 2014 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker:</u> The ‘Ayes’ have it. Consideration Stage: Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clause 1 of the Bill, therefore, the question before the House that Clause 1 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clause 1 stands part of the Bill. Amendment in Clause 2 of the Bill: Syed Jafar Shah Sahib.

Mr. Jafar Shah: Thank you, Janab Speaker. I beg to move that in Clause 2, in paragraph (s), after the word "resource in a given area" the words "with having any stake in the subject resource" may be added.

جناب سپیکر: اشتیاق ارمڑ۔ اچھا اس کے بعد، سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب! آپ اپنا پیش کرلیں، اس کے اس کے بعد یہ منسٹر صاحب۔

Sardar Aurangzeb Nalotha: I beg to move that in Clause 2, in paragraph (s), after the word "resource in given area" the words "with having any stake in the subject resource" may be added.

معاون خصوصی برائے ماحولیات: جناب سپیکر! جس طرف اشارہ کیا ہے نلوٹھا صاحب نے اور جعفر شاہ صاحب نے کہ اس میں Stake holder کو Involve نہیں کیا کیونکہ کمیونٹی تو Involve ہے لیکن ہم جعفر شاہ صاحب اور نلوٹھا صاحب کے ساتھ Agree کرتے ہیں کہ اس میں Stake holder بھی Involve کرتے ہیں۔

Mr. Speaker: The motion before the House that the identical amendment, moved by the honourable Members, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The amendment is adopted and stands part of the Bill. Syed Jafar Shah Sahib.

Mr. Jafar Shah: Thank you, janab Speaker. I beg to move that in Clause 2, in paragraph (z), at the end the words "excluding trout fish" may be added.

سر! داسي ده چې ټراؤټ فش هم هغه Exotic fish دے نو سوات به تباه کړی، زه وايم چې دا د هم اوکړی۔

جناب سپیکر: اشتیاق ارمڑ!

معاون خصوصی برائے ماحولیات: جی بالکل دي جعفر شاه صاحب چې کوم طرف ته اشاره کړي ده، مونږ په هغي باندي دوئ سره Except trout نو که دي باندي تاسو مونږ سره دغه وئ نو مونږ Agree يو جی، بالکل۔

جناب سپیکر: جی، جعفر شاہ صاحب۔ نہ، تہ دہ سرہ Agree شوي او کہ دے تا سرہ Agree شو؟

معاون خصوصی برائے ماحولیات: نہ دوئ چې کوم طرف تہ اشارہ کړي دہ چې کوم Species دی۔

جناب جعفر شاہ: امنډمنټ سرہ Agree شو۔

جناب سپیکر: هں جی؟

جناب جعفر شاہ: امنډمنټ سرہ Agree شو، سر۔

معاون خصوصی برائے ماحولیات: امنډمنټ سرہ Agree۔

جناب سپیکر: امنډمنټ سرہ Agree، Okay, agreed

The motion before the House is that the amendment, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The amendment adopted and stands part of the Bill. Paragraph (a) to ®, (p) to (y) and (aa) to (www) of Clause 2 also stand part of the Bill. Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clause 3 to 8 of the Bill, therefore, the question before the House that Clause 3 to 8 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 3 to 8 stand part of the Bill. Amendment in Clause 9 of the Bill: Syed Jafar Shah Sahib, Aurangzeb Nalotha Sahib, one by one.

جناب جعفر شاہ: تھینک یو، جناب سپیکر۔ سپیکر صاحب! دیکښې I am thankful to the Minister and the department هغوی ما سرہ پہ دي باندي ډ سکشن هم اوکړو، نن یو ګھنټہ پہ دي ټول امنډمنټس باندي او دا امنډمنټس زہ واپس اخلم ځکہ چې دا پہ مختلفو سیکشن کښې دا Cover دی، I take it back.

جناب سپیکر: اوکے۔ نلوٹھا صاحب!

سردار اورنگزیب نلوٹھا: میں بھی جناب سپیکر صاحب! اپنی امنڈمنٹس واپس لیتا ہوں۔

Mr. Speaker: ٹھیک ہے Okay. Since amendments have been withdrawn, therefore, original paragraph 'A' of Clause 9 stand parts of the Bill. Syed Jafar Shah Sahib.

Mr. Jafar Shah: Thank you, Sir. I beg to move that in Clause 9, in Paragraph (p), the following sub paragraph (iii) may be added, namely: "Paragraph (iii) any one or more of the aforesaid methods, if to drive any wild animal away from populated area or agricultural fields."

سپیکر صاحب! زما Intention دا وو چې په دي بعضي ایریاز کښي چې ورته خنزیر وائی، Pig، د هغي د پاره خلق رااوځی او هغه د خپل، ځکه چې هغه فصلونه خرابوی نو د هغي د پاره خلق رااوځی او هغه د هغي نه زغلوی، نو ما وئیل چې داسي نه چې هغي باندي هم پابندی اولګیږی، نو بیا خو به خلق د فصلونو نه او د ښاروؤ نه خلاص شی خو I am thankful to Minister Sahib چې هغوی ډیپارټمنټ هم په هغي کښي دا Surety راکړي ده چې Subject to the permission by the department، چې ډیپارټمنټ این او سی ورکړی نو بیا به هغه خلقو ته اجازت ورکړی، I agree

Mr. Speaker: Agreed, okay ji. Arif Sahib.

جناب عارف یوسف (معاون خصوصی برائے قانون): دوئ Withdraw کوی نه؟

جناب سپیکر: اؤ، Withdraw کوی ئے۔

معاون خصوصی برائے ماحولیات: جی بالکل دیکښي کلاز ایف باندي او تو پی تو باندي په دیکښي هر څه Explain شوی دی، جعفر شاه صاحب سره مونږ دا خبره هم کړي وه او په هغي مونږ سره دوئ Agree شوی هم دی، نو هغه۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: او کے۔

معاون خصوصی برائے ماحولیات: زمونږ دا دغه چې کوم دے کلیئر شوے وو، دوئ Withdraw کړی دی جی۔

Mr. Speaker: Since amendment withdrawn, therefore, original paragraph 'p' of Clause 9 stands part of the Bill. Paragraph (b) to (o) of Clause 9 also stand part of the Bill. Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clause 10 to 71 of the Bill, therefore, the question before the House that Clause 10 to 71

may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 10 to 71 stand part of the Bill. Long Title and Preamble and Schedule also stand part of the Bill. Honourable Minister for Law, on behalf of Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.

مسودہ قانون کا پاس کیا جانا

Mr. Imtiaz Shahid (Minister for Law): Mr. Speaker Sir, I, on behalf of the honourable Chief Minister, move that the Khyber Pakhtunkhwa, Wildlife and Biodiversity (Protection, Preservation, Conservation and Management) Bill, 2014 may be passed.

Mr. Speaker: The motion before the House that the Khyber Pakhtunkhwa, Wildlife and Biodiversity (Protection, Preservation, Conservation and Management) Bill, 2014 may be passed with amendments? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed with amendments. Honourable Minister for Law.

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون): ریکویسٹ ہے جی، ہمارے سورن سنگھ صاحب کو اس پہ کچھ تحفظات ہیں، تو کہتے ہیں کہ اس کو کچھ دیر کے لئے پینڈنگ رکھا جائے۔

مجلس قائمہ برائے محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم کے رپورٹ کی مدت میں توسیع

Mr. Speaker: Deferred. Item No. 14: Meraj Hamayun, Madam Meraj Hamayun, member Standing Committee.

Ms. Meraj Hamayun Khan: Thank you, Speaker Sahib. On behalf of the Chairman, Standing Committee No. 26 on Elementary and Secondary Education, I beg to move under sub rule (1) of rule 185 of the Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, that the time for presentation of the report of Standing Committee No. 26 on Elementary and Secondary Education Department may be extended till date and I may be allowed to present the report in the House.

Mr. Speaker: The motion before the House that the extension in period may be granted to the honourable Chairman, Standing Committee No. 26 on Elementary and Secondary Education, to

present the report of the Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Madam Meraj Hamayun.

مجلس قائمہ برائے محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم کی رپورٹ کا پیش کیا جانا

Ms. Meraj Hamayun Khan: On behalf of Chairman of Standing Committee No. 26 on Elementary and Secondary Education, I beg to present the report of the Standing Committee No. 26 on Elementary and Secondary Education Department, in the House.

Mr. Speaker: It stands presented.

مجلس قائمہ برائے محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم کی رپورٹ کا منظور کیا جانا

Mr. Speaker: Item No. 16: Madam Meraj Hamayun.

Ms. Meraj Hamayun Khan: On behalf of Chairman of Standing Committee No. 26 on Elementary and Secondary Education, I beg to move that report of the Standing Committee No. 26 on Elementary and Secondary Education Department may be adopted.

Mr. Speaker: The motion before the House that the report of the Standing Committee No. 26 on Elementary and Secondary Education may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The report is adopted. Honourable Minister for Law-----

(مغرب کی اذان)

Mr. Speaker: Pending. The sitting is adjourned till 02:00 pm of tomorrow afternoon.

(اجلاس بروز منگل مورخہ 06 جنوری 2015ء بعداز دوپہر دو بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)